فوری ریلیز کے لیے: 5/7/2026 **گورنر KATHY HOCHUL**

گورنر HOCHUL نے ریاستی اداروں کو شدید بارش کی تیاری کرنے کی ہدایت کی اور اچانک سیلاب کے ممکنہ خطرے کے پیشِ نظر نیو یارک کے باشندوں سے احتیاط برتنے کی اپیل کی

لانگ آئی لینڈ، مڈ ہڈسن، نیو یارک سٹی اور جنوبی سلسلے میں شدید بارش کی توقع ہے اور ان علاقوں میں اس وقت سیلاب سے متعلق نگرانی کے انتباہات نافذ ہیں

اچانک سیلاب کے خطرے کو بڑھا کر درمیانے درجے پر مقرر کر دیا گیا ہے، جبکہ اچانک سیلاب آنے کے 70 فیصد امکانات ہیں؛ آبی ریسکیو ٹیمز آج کچھ دیر بعد سے مڈ ہڈسن کے علاقے میں تعینات کی جا رہی ہیں

ریاست کے جنوبی علاقوں میں پیر کی شام تک مجموعی طور پر دو سے چار انچ تک وسیع پیمانے پر بارش متوقع ہے؛ جبکہ بعض مقامی علاقوں میں پانچ انچ تک بارش ہونے کا امکان ہے

بارش کی شرح ایک سے دو انچ فی گھنٹہ تک پہنچ سکتی ہے، جبکہ بعض علاقوں میں یہ شرح تین انچ فی گھنٹہ تک بھی ہو سکتی ہے

مڈ ہڈسن اور لانگ آئی لینڈ میں گزشتہ رات شدید گرج چمک والے طوفانوں کے اثرات سے بحالی جاری ہے؛ طوفانوں کے باعث ریاست بھر میں 82,000 سے زائد بجلی کی بندشیں ہوئیں

نیو یارک کے باشندے 333111 پر اپنی کاؤنٹی یا بورو کا نام ٹیکسٹ کر کے ہنگامی اور موسم سے متعلق انتباہات براہ راست اپنے فون پر حاصل کر سکتے ہیں

گورنر Kathy Hochul (کیتھی ہوکل) نے آج ریاستی اداروں کو شدید بارشوں کی تیاری کرنے کی ہدایت دی اور نیو یارک کے باشندوں سے ممکنہ سیلاب کے خطرے کے پیشِ نظر احتیاط برتنے کی اپیل کی۔ آج دوپہر سے بارش کا سلسلہ تمام ریاست نیو یارک میں پہنچے گا اور منگل کی صبح تک جاری رہے گا۔ نیو یارک سٹی، لانگ آئی لینڈ کے بعض حصوں، مڈ ہڈسن اور جنوبی سلسلے میں مجموعی طور پر دو سے چار انچ بارش متوقع ہے، جبکہ بعض مقامات پر پانچ انچ تک بارش ہونے کا امکان ہے۔ ایک سے دو انچ فی گھنٹہ تک کی شدید بارش اچانک سیلاب کا سبب بن سکتی ہے، خاص طور پر شہری علاقوں، ناقص نکاسیٔ آب والے مقامات پر یا ایسے علاقوں میں جہاں بار بار شدید بارش ہو۔ بعض مقامات پر بارش کی شرح تین انچ فی گھنٹہ سے زیادہ ہو سکتی ہے۔ اچانک سیلاب آنے کے خطرے کو بڑھا کر درمیانے درجے پر مقرر کر دیا گیا ہے، جبکہ اچانک سیلاب آنے کے 70 فیصد امکانات ہیں۔ آج نیو یارک سٹی، لانگ آئی لینڈ کے بعض حصوں اور مڈ ہڈسن میں شدید گرج چمک والے طوفانوں کا خطرہ بھی ہے۔ لانگ آئی لینڈ، مڈ ہڈسن اور نیو یارک سٹی کے لیے اس وقت سیلاب سے متعلق نگرانی کا انتباہ نافذ ہے۔

"میں تمام نیو یارک کے باشندوں کو تاکید کرتی ہوں کہ وہ چوکس رہیں، باخبر رہیں اور احتیاط سے کام لیں، کیونکہ ہمیں شدید بارش اور اچانک سیلاب کے بلند خطرے کی توقع ہے۔" **گورنر Hochul (ہوکل) نے کہا۔** "ریاستی اداروں کو طوفان سے متاثرہ علاقوں میں نیو یارک کے تمام باشندوں کی حفاظت کو یقینی بنانے کے لیے مکمل طور پر تیار اور متحرک کر دیا گیا ہے۔"

مڈ ہڈسن اور لانگ آئی لینڈ اس وقت گزشتہ رات گئے آنے والے شدید گرج چمک کے طوفانوں کے اثرات سے بحالی کے مرحلے میں ہیں، جن کے نتیجے میں درخت گرے اور بجلی کی فراہمی معطل ہوئی۔ اس وقت ریاست بھر میں 82,000 سے زائد بجلی کی بندشیں موجود ہیں، جبکہ گزشتہ رات ان کی تعداد عروج پر پہنچ کر 115,000 سے زیادہ ہو گئی تھی۔ ریاست کا محکمہ ذرائع آمد و رفت، یوٹیلیٹی کمپنیز کے ساتھ مل کر درخت اور ملبہ ہٹانے پر کام کر رہا ہے تاکہ بحالی کا کام شروع کرنے کے لیے یوٹیلیٹی ملازمین کی محفوظ رسائی یقینی بنائی جا سکے۔ ملبہ ہٹانے اور یوٹیلیٹی کے کام کے باعث بعض سڑکیں اب بھی بند ہیں، لہٰذا نیو یارک کے باشندوں سے اپیل کی جاتی ہے کہ وہ سڑکوں کی بندش سے متعلق مقامی حکام کی تمام ہدایات پر عمل کریں۔

شہریوں سے گزارش ہے کہ وہ اپنی مقامی پیشگوئیوں پر نگاہ رکھیں اور موسم سے متعلقہ انتباہات اور ہدایات پر عمل کریں۔ موسم کے متعلق انتباہات کی مکمل فہرست کے لیے قومی محکمۂ موسمیات کی ویب سائٹ alerts.weather.gov ملاحظہ کریں۔

نیو یارک کے باشندوں کو یہ امر یقینی بنانا چاہیے کہ ان کے موبائل فون پر حکومتی کی جانب سے جاری ہونے والے ہنگامی انتباہات فعال ہوں۔ انہیں لمحہ بہ لمحہ موسمی اور ہنگامی انتباہات کے لیے بھی سائن اپ کرنا چاہیے، جو وہ اپنے فون سے اپنی کاؤنٹی یا بورو کا نام 333111 پر ٹیکسٹ کر کے حاصل کر سکتے ہیں۔

اچانک سیلاب کے ممکنہ خطرے کے دوران محفوظ رہنے کے لیے چند احتیاطی تدابیر:

طوفان سے پہلے اور طوفان کے دوران

- باخبر رہیں: اپنے مقامی موسم کی پیشین گوئیوں پر نظر رکھیں اور نشر ہونے والے تمام انتباہات پر عمل کریں۔
- مقامی حکام کی ہدایات پر عمل کریں: اگر آپ کو ہنگامی حکام کی طرف سے کسی فوری کارروائی، جیسے انخلاء، کا مشورہ دیا جائے تو دیر نہ کریں — تمام احکامات پر فوری عمل کریں۔
- سیلاب کے پانی میں چلنے، تیراکی کرنے، گاڑی چلانے سے گریز کریں: ایک فٹ بہتا ہوا پانی گاڑی کو بہا لے جا سکتا ہے۔ اگر آپ کو کوئی شک ہو تو، یاد رکھیں: "واپس مڑ جائیں، ڈوبیں مت!"
- اپنا انخلاء کا راستہ اور اونچی جگہ تک پہنچنے کا طریقہ علم میں رکھیں۔
- اپنے علاقے کو درپیش سیلاب کے خطرے کی نوعیت کا علم رکھیں - FEMA کا فلڈ میپ سروس سینٹر (FEMA's Flood Map Service Center) ملاحظہ کریں۔
- سیلاب کا ایک ہنگامی منصوبہ تیار رکھیں جس میں آپ کے بچوں، پالتو جانوروں اور ہمسایوں کے لیے حفاظتی اقدامات شامل ہوں۔
- اپنے، اپنے خاندان اور اپنے پالتو جانوروں کے لیے ہنگامی طور پر لے کر جانے کے لیے ایک بیگ تیار رکھیں جس میں آپ کو درکار دوائیاں شامل ہوں۔
- بزرگ ہمسایوں یا جن کو چلنے پھرنے کے مسائل ہوں ان لوگوں کی خبر گیری کریں۔
- گری ہوئی بجلی کی لائنوں کو مت چھوئیں۔
- اپنا فون چارج رکھیں۔
- اپنی گاڑی کی ڈگی میں آفت زدہ حالات سے نمٹنے کی اشیاء کی کِٹ رکھیں۔

سیلابی پانی اُتر جانے کے بعد

- کسی علاقے میں داخل ہونے سے پہلے اسے محفوظ قرار دیا جانے تک انتظار کریں۔ ڈرائیونگ میں احتیاط برتیں، کیونکہ سڑکوں کو نقصان پہنچا ہو سکتا ہے اور بجلی کی لائنیں گری ہو سکتی ہیں۔
- اگر آپ کے گھر یا اپارٹمنٹ میں سیلاب کا پانی آ گیا ہو، تو بجلی کے آلات کو اس وقت تک نہ چلائیں جب تک ایک الیکٹریشن سسٹم اور آلات کو چیک نہ کر لیں۔
- ایسی ادویات یا خوراک کو ضائع کر دیں جن کو سیلاب کے پانی نے چُھوا ہو۔

- اپنی گاڑی میں ایندھن بھرا رکھیں۔ بجلی منقطع ہو جانے کی صورت میں گیسولین اسٹیشنز کئی دنوں تک ایندھن فراہم نہیں کر سکیں گے۔
- گری ہوئی بجلی کی لائنوں کو مت چھوئیں۔

مزید تیاری سے متعلق معلومات اور حفاظتی ہدایات کے لیے ریاست نیو یارک کے وطن کی سلامتی اور ایمرجنسی کی خدمات کے ڈویژن (Division of Homeland Security and Emergency Services) کی ویب سائٹ dhses.ny.gov ملاحظہ کریں۔ نیشنل ویدر سروس کی ویب سائٹ پر بھی سیلاب کی حفاظتی ہدایات دستیاب ہیں۔

شدید بارش کی پیش گوئی کے پیشِ نظر، صورتحال سے نمٹنے کے لیے ریاست نیو یارک کے ادارے اقدامات کر رہے ہیں، بشمول:

وطن کی سلامتی اور ایمرجنسی کی خدمات کا ڈویژن (Division of Homeland Security and Emergency Services)
ڈویژن کا دفتر برائے ہنگامی انتظامات (Office of Emergency Management, OEM) اپنے مقامی ہم منصبوں کے ساتھ مکمل رابطے میں ہے اور معاونت کی درخواستوں پر تعاون کے لیے پوری طرح تیار ہے۔ ریاستی ایمرجنسی آپریشنز سنٹر، ریاستی فائر آپریشنز سینٹر اور ریاستی واچ سینٹر اس وقت موسمِ گرما سے متعلق ہنگامی سرگرمیوں سے نمٹنے کے لیے فعال ہیں اور طوفان اور اس کے ریاست گیر اثرات کی نگرانی کر رہے ہیں۔

دفتر برائے انسدادِ آتش زدگی اور کنٹرول (Office of Fire Prevention and Control) کی آبی ریسکیو ٹیمز آج کچھ دیر بعد مڈ ہڈسن کے علاقے میں تعیناتی کی تیاریاں کر رہی ہیں۔ ریاستی ذخائر حسب ضرورت ہنگامی امدادی آلات اور ترسیلات کی تعیناتی کے لیے تیار ہیں۔

فوری موسمی اور ہنگامی الرٹس موصول کرنے کے لیے، نیو یارک کے باشندوں کو ترغیب دی جاتی ہے کہ وہ اپنی کاؤنٹی یا بورو کا نام 333111 پر ٹیکسٹ میسج کے ذریعے بھیجیں۔

محکمہ ذرائع آمد و رفت (Department of Transportation)
ریاست کا محکمہ ذرائع آمد و رفت موسم کی صورتحال کی نگرانی کر رہا ہے اور ریاست بھر میں دستیاب اپنے 3,409 سپروائزرز اور آپریٹرز کے ساتھ امدادی کارروائیاں کرنے کے لیے تیار ہے۔ فیلڈ کا تمام عملہ مکمل طور پر شرکت کرنے اور امدادی کاروائیوں کے لیے دستیاب ہے۔

پوری ریاست میں ساز و سامان کے اعداد و شمار حسب ذیل ہیں:
- 1,409 بڑے ڈمپ ٹرکس
- 317 بڑے لوڈرز
- 93 چپرز
- 88 ٹریک اور پہیوں والے ایکسکیویٹرز
- 34 واٹر پمپس
- 30 ٹریفک اور ٹری کریو بکٹ ٹرکس
- 33 ٹریفک ٹاور پلیٹ فارمز
- 20 ویکیوم ٹرکس سیور جیٹس والے

ہنگامی صورتحال میں تبدیلی کے علاوہ اضافی وسائل کی ضرورت کا بھی دوبارہ جائزہ لیا جاتا رہے گا۔ لمحہ بہ لمحہ سفری معلومات کے لیے گاڑی سواروں کو چاہیے کہ وہ 511 پر کال کریں یا 511ny.org ملاحظہ کریں جو ریاست نیو یارک کا ٹریفک اور سفری معلومات کا سرکاری ذریعہ ہے۔

تھرو وے اتھارٹی (Thruway Authority)

تھروے اتھارٹی کے پاس 673 آپریٹرز اور سپروائزر ہیں جو ریاست بھر میں آندھیوں یا سیلاب سے متعلقہ مسائل کے وقت کارروائی کے لیے تیار ہیں جن کے پاس چھوٹے سے درمیانے سائز کے ایکسکیویٹرز، پلو/ڈمپ ٹرکس، بڑے لوڈرز، سفری VMS بورڈز، سفری لائٹ ٹاورز، چھوٹے جنریٹرز، چھوٹے پمپس اور سازوسامان لے جانے والے ٹریلرز ہیں اور اس کے علاوہ کسی بھی راستے میں تبدیلی یا بندش کے لیے اشارے اور ٹریفک کنٹرول کی دیگر ڈیوائسز دستیاب ہیں۔ تھروے پر موٹر گاڑی چلانے والوں کو موسمی حالات سے آگاہ کرنے کے لیے مختلف پیغامات والی تختیوں اور سوشل میڈیا کا استعمال کیا جا رہا ہے۔

پوری ریاست میں ساز و سامان کے اعداد و شمار حسب ذیل ہیں:

- 305 بڑے اور چھوٹے ڈمپ ٹرکس
- 60 لوڈرز
- 30 ٹریلرز
- 2 ویکیوم ٹرکس
- 16 ایکسکیویٹرز
- 5 برش چپرز
- 105 چین والی آریاں
- 20 ایئریل ٹرکس
- 25 اسکِڈ اسٹیئرز
- 86 سفری جنریٹرز
- 65 سفری لائٹ یونٹس

تھرو وے اتھارٹی گاڑی چلانے والوں سے گزارش کرتی ہے کہ وہ انکی موبائل ایپ ڈاؤن لوڈ کریں جو iPhone اور اینڈرائیڈ ڈیوائسز پر مفت میں ڈاؤن لوڈ کرنے کے لیے دستیاب ہے۔ یہ ایپ موٹر گاڑی چلانے والوں کو لائیو ٹریفک کیمروں تک براہ راست رسائی، ٹریفک کی حقیقی معلومات اور دوران سفر راستہ تلاش کرنے کی معاونت فراہم کرتی ہے۔ موٹر سوار TRANSalert کی ای میلز کے لیے بھی سائن اپ کر سکتے ہیں جو تھروے پر ٹریفک کی تازہ ترین صورتحال فراہم کرتی ہیں، X پر @ThruwayTraffic کو فالو کر سکتے ہیں اور thruway.ny.gov پر جا کر تھروے اور ریاست نیو یارک کی دیگر سڑکوں سے متعلق ٹریفک کی صورتحال دکھانے والا انٹرایکٹیو نقشہ دیکھ سکتے ہیں۔

عوامی خدمت کا محکمہ (Department of Public Service)

نیو یارک کی یوٹیلیٹیز کے پاس تقریباً 6,300 اہلکار دستیاب ہیں جو حسب ضرورت پوری ریاست میں نقصان کی تشخیص، امدادی کارروائیوں اور مرمت و بحالی کی کوششوں میں شامل ہوں گے۔ یوٹیلیٹیز مقامی، کاؤنٹی کی اور ریاستی ٹرانسپورٹیشن ایجنسیز کے ساتھ مل کر سیلاب سے دوچار علاقوں میں سڑکوں کی بندش سے نمٹنے کے لیے کام کریں گی۔ ایجنسی کا عملہ اس سارے عرصے کے دوران یوٹیلیٹیز کے کام پر نظر رکھے گا اور یہ امر یقینی بنائے گا کہ یوٹیلیٹیز سب سے زیادہ متاثر ہونے والے علاقوں میں عملے کو مناسب تعداد میں منتقل کریں۔

ریاست نیو یارک کی پولیس (New York State Police)

ریاستی پولیس نے تمام ٹروپرز کو چوکس رہنے کی ہدایات جاری کی ہیں اور ضرورت پڑنے پر متاثرہ علاقوں میں اضافی گشت بھی تعینات کرے گی۔ تمام فور وہیل ڈرائیو گاڑیاں خدمت کے لیے موجود ہیں اور تمام واٹر کرافٹ اور خصوصی گاڑیاں تعینات کر دی گئی ہیں اور امدادی کاروائیوں کے لیے تیار ہیں۔

محکمہ تحفظ ماحولیات (Department of Environmental Conservation, DEC)

محکمہ تحفظ ماحولیات (DEC) کا ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کا عملہ، ماحولیاتی تحفظ کی پولیس کے افسران، فاریسٹ رینجرز اور مقامی عملہ تیار ہیں اور موسم کی پیشین گوئیوں کی مسلسل نگرانی کر رہے ہیں۔ شراکت دار ایجنسیز کے ساتھ کام کرتے ہوئے، DEC تمام دستیاب اثاثہ جاتی وسائل، بشمول اولین امدادی کارکنان، کو شدید بارش اور سیلاب کے ممکنہ اثرات کی تیاری کے لیے ہدف بنائے گئے علاقوں میں تعینات کرنے کے لیے تیار ہے۔

DEC کی جانب سے مقامی حکام کو یاددہانی کروائی جاتی ہے کہ وہ اپنی کمیونٹیز میں ممکنہ سیلابی صورت حال پر نظر رکھیں۔ میونسپلٹیز کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ سیلاب کے خطرے سے دوچار علاقوں کی مقامی تشخیص کریں اور کہیں ملبہ جمع ہو رہا ہو تو اس کو ہٹائیں۔ اگر ملبہ ہٹانے کے دوران دریا کے کناروں یا تہہ کو نہ چھیڑا جائے یا بھاری مشینری استعمال نہ کی جائے تو ایسی صورت میں DEC کے اجازت نامے یا منظوری کی ضرورت نہیں ہوتی۔ بلدیاتی اداروں اور مقامی حکومتوں کو ہدایت دی گئی ہے کہ معاونت درکار ہونے پر یا یہ تعین کرنے میں مدد کے لیے DEC کے علاقائی پرمٹ منتظمین سے رابطہ کریں کہ آیا کوئی اجازت نامہ درکار ہے یا نہیں۔

اگر کوئی اجازت نامہ درکار ہو تو انفرادی اجازت نامے کے بجائے پروجیکٹس کی تیز رفتار منظوری کے لیے DEC کی جانب سے ہنگامی منظوریاں جاری کی جا سکتی ہیں۔ DEC کی جانب سے ان صورتوں میں ہنگامی منظوریاں دی جاتی ہے جو زندگی، صحت، عمومی فلاح و بہبود، املاک، یا قدرتی وسائل کے فوری تحفظ کی بنیاد پر ہنگامی تصور کی جاتی ہیں۔

پارکس، تفریح اور تاریخی تحفظ کا دفتر (Office of Parks, Recreation and Historic Preservation)

ریاست نیو یارک کے باغات کی پولیس (New York State Park Police) اور باغات کا عملہ ہوشیار ہے اور موسمی صورتحال اور اسکے اثرات پر نظر رکھے ہوئے ہے۔ طوفان کے اثرات کے باعث بیئر ماؤنٹین اور جیمز بیئرڈ اسٹیٹ پارکس فی الحال بند ہیں۔ پارکس میں گھومنے جانے والے افراد parks.ny.gov ملاحظہ کر کے، مفت موبائل ایپ دیکھ کر یا اپنے مقامی پارک آفس کو کال کر کے پارک کے اوقات، کھلنے اور بند ہونے سے متعلق تازہ ترین اپ ڈیٹس حاصل کریں۔

میٹروپولیٹن ٹرانسپورٹیشن اتھارٹی (Metropolitan Transportation Authority, MTA)

میٹروپولیٹن ٹرانسپورٹیشن اتھارٹی کی جانب سے محفوظ، قابل اعتماد سروس کو یقینی بنانے کے لیے موسمی حالات کی کڑی نگرانی کی جا رہی ہے۔ MTA کے ملازمین موسم سے متعلق تمام معاملات کا مقابلہ کرنے کے لیے ہمہ وقت تیار ہوں گے۔ سیلاب کے امکانات کو کم کرنے اور آنے والے سیلاب کی کسی بھی صورت حال کا مقابلہ کرنے کے لیے، MTA کا عملہ سیلاب زدہ علاقوں میں پانی کی نکاسی کا معائنہ کرے گا تاکہ یہ امر یقینی بنایا جا سکے کہ وہ پوری طرح فعال ہیں، اور سپروائزرز سیلاب کی کسی بھی اطلاع ملنے کے بعد ایسے سیلاب زدہ مقامات کی نگرانی کریں گے تاکہ فوری امدادی کاروائی یقینی بنائی جائے۔ چیزیں اٹھانے اور مٹی کھودنے والی مشینیں چلانے کے ماہرین کو سیلاب زدہ مقامات پر تعینات کیا جائے گا تاکہ موسم سے متعلق کسی بھی ایلیویٹر اور ایسکلیٹر کی مشکلات میں شرکت کی جا سکے۔

صارفین کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ تازہ ترین سروس اپ ڈیٹس کے لیے mta.info دیکھیں اور نظامِ ٹرانسپورٹ استعمال کرتے وقت احتیاط سے کام لیں۔ صارفین کو چاہیے کہ ٹیکسٹ یا ای میل کے ذریعے فوری سروس الرٹس کے لیے بھی سائن اپ کریں۔ یہ اطلاعات MTA ایپ اور TrainTime ایپ کے ذریعے بھی دستیاب ہیں۔

نیو یارک اور نیو جرسی کی پورٹ اتھارٹی (Port Authority of New York and New Jersey)

پورٹ اتھارٹی آف نیو یارک اینڈ نیو جرسی موسم کی پیشگوئیوں پر گہری نظر رکھے ہوئے ہے اور تیاریاں کرنے کے لیے ایئرپورٹ کے ٹرمینل آپریٹرز اور ایئرپورٹ کے دیگر شراکت داروں کے ساتھ مل کر کام کر رہی ہے۔ بذریعہ ہوائی جہاز سفر کرنے والوں کو چاہیے کہ وہ اپنی پروازوں کے متعلق تازہ ترین معلومات کے لیے اپنی ایئر لائنز سے رابطہ کریں یا ایئرپورٹ کے لیے روانگی سے قبل فیڈرل ایوی ایشن ایڈمنسٹریشن (Federal Aviation Administration) کی ویب سائٹ پر ایسے FAA پروگراموں کی معلومات دیکھ لیں جن کی وجہ سے انکے ایئرپورٹ کے فلائٹ آپریشنز متاثر ہو سکتے ہوں، نیز انہیں سفر کے اضافی وقت کے لیے بھی تیار رہنا چاہیے۔ پورٹ اتھارٹی کے چھ پلوں اور سرنگوں کو استعمال کرنے والے موٹرسواروں کی پرزور حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ ای میل الرٹس کے لیے رجسٹر کریں، بس مسافر مڈ ٹاؤن بس ٹرمینل پر بس سروس سے متعلق فوری اطلاعات حاصل کرنے کے لیے MyTerminal ایپ استعمال کر سکتے ہیں، جبکہ PATH ٹرین کے مسافر ٹرین سروس کی معلومات RidePATH موبائل ایپ کے ذریعے چیک کر سکتے ہیں۔

###

مزید خبریں www.governor.ny.gov پر دستیاب ہیں
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418
گورنر آفس سے اپ ڈیٹس کے لیے سائن اپ کریں: ny.gov/signup | 81336 پر NEW YORK ٹیکسٹ کریں

ان سبسکرائب کریں